[TO BE INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

**BILL**

*further to amend the Private Power and Infrastructure Board Act, 2012*

WHEREAS it is expedited to merge the Alternative Energy Development Board into the Private Power and Infrastructure Board (PPIB) due to similar mandate of both the autonomous bodies, for implementation of various policies, programs and projects in the field of alternative or renewable energy technologies by the Private Power and Infrastructure Board;

AND WHEREAS upon dissolution of the Alternative Energy Development Board, it is expedient further to transfer all its resources, grants, rights, powers, funds, liabilities, etc. to the Private Power and Infrastructure Board and to repeal the Alternative Energy Development Board Act, 2010 (XIV of 2010);

AND WHEREAS in the interest of certainty and consistency in the smooth functioning of the power sector, it is expedient further to amend the Private Power and Infrastructure Board Act, 2012 (VI of 2012), for the aforesaid purposes in the manner hereinafter appearing;

It is hereby enacted as follows: -

1. **Short title and commencement.**– (1) This Act shall be called the Private Power and Infrastructure Board (Amendment) Act, 2022.

(2) It shall come into force at once.

2. **Amendment of preamble, Act VI of 2012.**– In the Private Power Infrastructure Board Act, 2012 (VI of 2012), hereinafter called as the said Act, in the preamble, in the second paragraph after the word "investors", the expression "and to assist and facilitate development of transmission, distribution and generation of conventional and alternative or renewable energy and related infrastructure in order to achieve sustainable economic growth with transfer of technology for development of an indigenous technological base through a diversified energy generation" shall be inserted.

3. **Amendments of section 2, Act VI of 2012.**– In the said Act, in section 2,–

(i) the existing clause (a) shall be renumbered as (aa);

(ii) before clause (aa), renumbered as aforesaid, the following new clause shall be inserted, namely: -

"(a) "alternative or renewable energy" means energy that is produced by alternative or renewable resources as compared to the conventional or that are replenished naturally which do not deplete when consumed and are non-polluting and environment-friendly;";

(iii) in clause (b), after the word "Board", the expression "appointed under this Act" shall be inserted;

(iv) after clause (c), the following new clause (ca) shall be inserted, namely: -

"(ca) "institute" means institute of alternative and renewable energy technologies established under this Act;";

(v) after clause (e), the following new clause (ea) shall be inserted, namely: -

"(ea) "organization" means an organization of the alternative and renewable energy established under this Act;";

(vi) in clause (g), after the word "regulations," the words, "made under this Act" shall be inserted; and

(vii) after clause (g), amended as aforesaid, the following new clause (ga) shall be inserted, namely: -

"(ga)" "Prime Minister" means the Prime Minister of the Islamic Republic of Pakistan".

4. **Amendments of section 5, Act VI of 2012.**– In the said Act, in section 5, in sub-section (2),–

(i) in clause (a), after the word "policies", the expression ", including for the utilization of alternative or renewable energy resources" shall be inserted; and

(ii) after clause (b), the following new clauses shall be inserted, namely: -

"(ba) develop national strategy, policies and plans for utilization of alternative and renewable energy resources to achieve the targets approved by the Federal Government in consultation with the Board;

(bb) act as a forum for evaluating proposals, monitoring of the projects and alternative and renewable energy products and certify their vendors, installers and service providers;

(bc) create awareness and motivation of the need to set up alterative and renewable energy projects for benefit of general public as well as evaluating concepts and technologies from technical and financial perspective;

(bd) conduct feasibility studies and surveys to identify opportunities for power generation and other applications through conventional and alternative and renewable energy resources;

(be) make legislative proposals to enforce use and installation of equipment utilizing alternative and renewable energy;

(bf) setup alternative or renewable energy projects on its own or through joint venture or partnership with public or private entities in order to create awareness and motivation of the need to take such initiatives for the benefit of general public as well as by evaluating concepts and technologies from technical and financial perspectives;

(bg) interact and co-ordinate with international and national agencies for promotion and development of alternative or renewable energy;

(bh) assist in development and implementation of plans with concerned authorities and provincial governments and special areas for off-grid electrification;

(bi) to develop or cause to be developed electric power installations and infrastructure in accordance with the power policies and act as an independent auction administrator and perform other functions in the electric power market;

(bj) to act as a coordinating agency for commercial application of alternative or renewable technology;".

5. **Insertion of sections 5A and 5B, Act VI of 2012.**– In the said Act, after section 5, amended as aforesaid, the following new sections 5A and 5B shall be inserted, namely: -

"**5A. Organization of the Board.**– (1) The Board may, for carrying out its functions for promotion and development of transmission, distribution and

generation of conventional and alternative and renewable energy and related infrastructure, monitoring of alternative and renewable energy products and projects, project management and certification of vendors, installers and service providers, establish one or more organizations as it may consider necessary.

(2) An organization established under sub-section (l) shall be subject to control and supervision of the Board and shall function within the framework of this Act, and perform such functions as may be prescribed by regulations.

**5B. Institute of energy technologies.**– (1) The Board may, for carrying out its functions of commercial application of alternative or renewable energy and development and promotion of generation, transmission and distribution and related infrastructure, establish an institute for the development of corresponding human resource. The institute shall also provide economic and policy counseling and conduct alternative or renewable economic research.

(2) The institute established under sub-section (1) shall conduct its business in such manner as may be prescribed by regulations.

(3) The institute may be funded subject to the Public Finance Management Act, 2019, by such fees and charges as may be prescribed by rules.".

**6. Amendments of section 6, Act VI of 2012.**– (1) In the said Act, in section 6, in sub-section (1),–

(i) in clause (a), for the expression "Minister for Water and Power", the expression "Secretary of the administrative division" shall be substituted;

(ii) clause (b) shall be omitted.

(iii) after clause (c), the following new clause (ca) shall be inserted, namely: -

(ca) Secretary of the division to which business of climate change stands allocated or his nominee not below the rank of Additional Secretary or equivalent – *Member*;

(iv) in clause (d), for the expression "; Ministry of Petroleum and Natural Resources", the expression "of the division to which business of Petroleum stands allocated" shall be substituted; and

(v) in clause (j), the expressions "each", "and FATA" and "and Governor Khyber Pakhtunkhawa respectively" shall be omitted.

**7. Amendment of section 7, Act VI of 2012.**– In the said Act, in section 7, in sub-section (7), in clause (c), for the words "Federal Government", the word "Board" shall be substituted.

**8. Amendment of section 14, Act VI of 2012.**– In the said Act, in section 14, in sub section (1), in clause (e), the word "and" at the end shall be omitted and in cause (f), for the full stop, a semi colon shall be substituted and thereafter the following new clauses shall be inserted, namely: -

"(g) funds provided by the Federal Government for meeting the objectives of this Act including for payment of salaries, establishing infrastructure and running day to day business of the Board;

(h) foreign aid, grants, loans negotiated or raised or otherwise obtained by the Board, directly or through the division to which business of economic affairs stands allocated;

(i) income from sale of movable or immovable property; and

(j) funds from floating bonds, shares, debentures, commercial papers or other securities issued by the Board or through any other means.".

**9. Amendment of section 23, Act (VI) of 2012.**– In the said Act, in section 23, for the word "Board", the words "Federal Government" shall be substituted.

**10. Amendment of section 24, Act VI of 2012.**– In the said Act, in section 24, for the words "Managing Director" the word "Board" shall be substituted and the expression ", with the approval of the Board," shall be omitted.

**11. Insertion of sections 30, 31, 32 and 33, Act VI of 2012.**– In the said Act, after section 29, the following new sections shall be inserted, namely: -

"**30. Dissolution of Alternative Energy Development Board.**– (1) Upon commencement of the Private Power and Infrastructure Board (Amendment) Act,2021, the Alternative Energy Development Board established under section 3 of the Alternative Energy Development Board Act, 2010 (Act XIV of 2010) shall stand dissolved and upon such dissolution,–

(a) the alternate energy fund established under section 13 of the Alternative Energy Development Board Act, 2010 (Act XIV of 2010) shall stand transferred to and vest in the Private Power and Infrastructure Development Board Fund established under section14;

(b) all assets, rights, powers, authorities and privileges and all property, cash and bank balances, reserve funds, investment and all other interests and rights in or arising out of such property and all debts, liabilities and obligations of whatever kind of the dissolved Alternative Energy Development Board subsisting immediately before its dissolution, shall stand transferred to and vest in the PPIB;

(c) notwithstanding anything contained in this section or any other law for the time being in force or in any agreement, deed, document or other instrument, all officers, consultants, advisers, auditors and other employees and staff of the dissolved Alternative Energy Development Board shall, after the commencement of the Private Power and Infrastructure Board (Amendment) Act, 2021, stand transferred and to be officers, consultants, advisor, auditors and employees and staff of the PPIB:

Provided that –

(a) upon such transfer the emoluments of all officers, other employees and staff of the dissolved Alternative Energy Development Board shall not be varied to their disadvantage as they were entitled to receive in accordance with the dissolved Alternative Energy Development Board Act, 2010 (Act XIV of 2010);

(b) the persons so transferred shall be deemed to have been appointed or engaged by the PPIB in such grades and on such terms and conditions as will be determined by the Board having regard to equivalence of respective grades, qualifications and experience of employees of the dissolved Alternative Energy Development Board with the respective grades, qualifications and experience of existing staff of PPIB:

(c) persons so transferred shall not be entitled to additional compensation only because of such continuance or transfer; and

(d) any civil servants appointed to or working in the dissolved Alternative Energy Development Board shall

upon their transfer to the PPIB continue to be governed by the Civil Servants Act, 1973 (LXXI of 1973) and rules made thereunder;

(d) immediately after the commencement of the Private Power and Infrastructure Board (Amendment) Act, 2021, the Board shall announce and notify a voluntary separation allowance under a voluntary separation scheme for such transferred officers, other employees and staff who may opt for such voluntary separation allowance within a period of three months after such notification. After such option is exercised and payment of such voluntary separation allowance is made to such officers, other employees and staff, their employment shall stand terminated with immediate effect. After such maximum period of three months such transferred officers, employees and staff who have not opted for voluntary separation allowance shall be deemed to have been appointed and engaged by the Board from the date of such transfer. All payments made in respect of such voluntary separation scheme by PPIB shall be reimbursed by the Federal Government within a period of six months;

(e) all debts and obligations incurred or contracts entered into, guarantees issued, rights acquired and all matters and things engaged to be done by, with or for the dissolved Alternative Energy Development Board shall be deemed to have been incurred, entered into, acquired or engaged to be done by, with or for the PPIB;

(f) all suits, arbitrations and other legal proceedings instituted by or against the dissolved Alternative Energy Development Board before its dissolution shall be deemed to be suits, arbitrations and proceedings by or against the PPIB and shall be proceeded or otherwise dealt with accordingly; and

(g) any reference to the Alternative Energy Development Board so dissolved in any statutory instrument, policy or other document or instrument shall, unless the context otherwise requires, be read and construed as reference to be PPIB.

(2) Notwithstanding anything contained to the contrary in the Private Power and Infrastructure Board (Amendment) Act, 2021, the terms and conditions of the existing PPIB officers, other employees and staff shall not be varied to their disadvantage due to appointment and engagement of such transferred officers, employees and staff.

(3) All rules, regulations, policies, notifications, orders, tax exemptions as provided under section 24 of the Alternative Energy Development Board Act, 2010 (Act XIV of 2010) or instructions in force pertaining to or in any way concerned with or affecting the dissolved Alternative Energy Development Board immediately before commencement of the Private Power Infrastructure Board (Amendment) Act, 2021, shall, so far as they are not inconsistent with any of the provisions of this Act, continue to be in force until repealed, altered or rescinded by rules or regulations made under this Act.

**31. Exemption from taxes.**– Notwithstanding anything contained in the Income Tax Ordinance, 2001 (XLIX of 2001), or any other law for the

time being in force relating to income tax, the Board shall not be liable to pay any such tax on its income, investment, capital profit, wealth, gifts or gains.

**32. Issuance of policy directives.**– The Federal Government may as and when it considers necessary issue policy directives, not inconsistent with this Act, to the Board in respect of its activities and compliance of such directives shall be binding on the Board.

**33. Repeal.**– The Alternative Energy Development Board Act, 2010 (XIV of 2010) is hereby repealed.".

---

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

In 2003, the Alternative Energy Development Board (AEDB) was created and thereafter was given legal status in 2010 through the enactment of the Alternative Energy Development Board Act, 2010 (Act XIV of 2010) as statutory body to "facilitate development and generation of alternative or renewable energy in order to achieve sustainable economic growth with transfer of technology for development of an indigenous technological base through a diversified energy generation". Originally, the Alternative and Renewable Energy (ARE) project development was within the mandate of PPIB through Policy for Power Generation Projects 2002 and short, medium, and long-term targets were envisioned thereunder.

2. From the administrative perspective, the AEDB is essentially tasked with the similar functions as that of PPIB's, except that its scope is limited to development of ARE projects, resulting in duplication of functions, resources and efforts. The existence of AEDB as a separate administrative unit is contrary to the spirit of "one-window operation" and "ease of doing business", as investors have to deal with two different entities, having similar mandate and scope of work. It also runs contrary to concept of creating synergies for optimum output and undermine the concept of cost and resource effectiveness. It is now a serious apprehension that with the current structure and resource, the AEDB may not be able to match the expectation of accelerated pace of GOP's renewed focus on ARE development in Pakistan that has been set out in ARE Policy 2019.

3. The merger of AEDB into PPIB is also part of the overall scheme of the Competitive Trading Bilateral Contract Market (CTBCM), which envisions an Independent Auction Administrator (IAA) for conducting auctions/biddings on behalf of DISCOs for procurement of new power generation capacity. Thus, it is imperative that IAA functions are carried out by a single entity.

4. For reasons above, it is felt that the AEDB may be merged into the PPIB, which has been in existence since 1994, and has therefore developed the requisite skill set and ability to act as a one window facility for all segments of the energy sector. The merger of AEDB into PPIB will not only pave the way for smooth and seamless development and processing of power projects of all technologies including ARE projects but it will also ensure operational efficiency and facilitate investors by extending a true one-window for all technologies.

5. This Bill has been developed to achieve the aforesaid objectives.

---

**Muhammad Hammad Azhar**
Minister-in-charge

[قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے لیے]

# نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۲ء

# میں مزید ترمیم کرنے کا بل

ہر گاہ کہ یہ قرین مصلحت ہے کہ نجی توانائی انفرااسٹرکچر بورڈ کی جانب سے متبادل اور قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں مختلف پالیسیوں، پروگراموں اور منصوبوں کے اطلاق کے لیئے متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کو نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ (PPIB) دونوں خودمختار ہیئتوں کے یکساں مینڈیٹ کی وجہ سے ادغام کیا جائے؛

اور چونکہ متبادل توانائی ڈیویلپمنٹ بورڈ کی تحلیل کی وجہ سے، یہ قرین مصلحت ہے کہ مزید اس کے تمام ذرائع، عطیات، حقوق، اختیارات، فنڈز، وجوب وغیرہ کو پر نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ کو منتقل کردے اور متبادل توانائی بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (۱۴بابت ۲۰۱۰ء) کو فسخ کردیا جائے؛

اور چونکہ توانائی کے شعبے میں بلارکاوٹ کارہائے منصبی کی ادائیگی کو قطعی اور مربوط بنانے کے لیے، یہ قرین مصلحت ہے کہ نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۲ء (۴بابت ۲۰۱۲ء) کو، مذکورہ بالا اغراض کے لیے ایسے طریقہ کار پر جو بعدازیں رونما ہورہا ہو میں، مزید ترمیم کی جائے؛

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے؛

۱۔ **مختصر عنوان اور آغاز نفاذ:۔** (۱) یہ ایکٹ نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہوگا۔

(۲) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

۲۔ **ایکٹ ۴بابت ۲۰۱۲ء کے، ابتدائیہ کی ترمیم:۔** نجی توانائی وانفرااسٹرکچر بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۲ء (۴بابت ۲۰۱۲ء)، بعدازیں جس کا حوالہ مذکورہ ایکٹ کے طور پر دیا گیا ہے، کے ابتدائیہ میں، دوسرے پیراگراف میں، لفظ ''سرمایہ کاروں'' کے بعد، عبارت ''روایتی اور متبادل یا قابل تجدید توانائی کی ترسیل، تقسیم اور پیداوار اور اس سے متعلقہ انفرااسٹرکچر کے فروغ میں معاونت کرنا اور باسہولت کرنا کہ مقامی ٹیکنالوجیکل بنیاد پر، گوناگوں توانائی کی پیداوار کی منتقلی کے ذریعے قابل بھروسہ مواشی نشوونما کو حاصل کرنے کے لیئے کیا جاسکے'' کو شامل کردیا جائے گا۔

**۳۔ ایکٹ ۶ بابت ۲۰۱۲ء، کی دفعہ ۲ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲ میں،۔۔۔

(اول) موجودہ شق (الف) کو شق (الف الف) کے طور پر دوبارہ نمبر لگایا جائے گا؛

(دوم) شق (الف الف) سے قبل، جیسا مذکورہ بالا طور پر دوبارہ نمبر لگایا گیا ہے، حسب ذیل نئی شق کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**(الف)** ''متبادل یا قابل تجدید توانائی'' سے مراد توانائی جو ماحول دوست ہو جو روایتی یا جو قدرتی طور پر پھر سے بھر جائے اور ختم نہ ہو جب استعمال ہو اور غیر آلودہ نہ ہو اور ماحول دوست ہو اور متبادل یا قابل تجدید، ذرائع سے پیدا کی جاتی ہو؛''

**(سوم)** شق (ب) میں، لفظ ''بورڈ'' کے بعد عبارت ''اس ایکٹ کے تحت تقرر کیا گیا ہو'' کو شامل کر دیا جائے گا؛

**(چہارم)** شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ج الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

''(ج الف) ''انسٹیٹیوٹ'' سے اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ متبادل اور قابل تجدید توانائی کی ٹیکنالوجیز انسٹیٹیوٹ مراد ہے؛''؛

**(پنجم)** شق (ہ) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ہ الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**''(ہ الف)** ''تنظیم'' سے اس ایکٹ کے تحت قائم کردہ متبادل اور قابل تجدید توانائی کی تنظیم مراد ہے؛''؛

**(ششم)** شق (ز) میں، لفظ ''ضوابط'' کے بعد، الفاظ ''اس ایکٹ کے تحت وضع کیا گیا ہے'' کو شامل کر دیا جائے؛ اور

**(ہفتم)** شق (ز) کے بعد، جیسا کہ مذکورہ بالا طور پر ترمیم کی گئی ہے، حسب ذیل نئی شق (ز الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**''(ز الف)** ''وزیر اعظم'' سے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا وزیر اعظم مراد ہے؛

۴۔ **ایکٹ ۶ بابت ۲۰۱۲ء، کی دفعہ ۵ کی ترامیم:۔** اس ایکٹ میں، دفعہ ۵ میں، ذیلی دفعہ (۲) میں،۔۔

(اوّل) شق (الف) میں، لفظ ''پالیسیوں'''' کے بعد، عبارت ''جس میں متبادل یا قابل تجدید توانائی کے ذرائع کا استعمال شامل ہے'' کوشامل کردیا جائے گا؛ اور

(دوم) شق (ب) کے بعد، حسب ذیل نئی شقات کوشامل کردیا جائے گا، یعنی:۔۔

''(ب الف) متبادل اور قابل تجدید توانائی کے ذرائع کے اہداف کو حاصل کرنے کے لیئے جن کی منظوری وفاقی حکومت نے بورڈ کی مشاورت سے دی ہے، کی لیئے قومی حکمت عملی، پالیسیوں اور منصوبہ جات کوفروغ دینا؛

(ب ب) تجاویز کو جانچنے کے لیئے، منصوبہ جات اور متبادل اور قابل تجدید توانائی کے مصنوعات کی نگرانی کے لیئے اور اُن کے بائع، تنصیب کرنے والوں اور سروس فراہم کنندہ کی توثیق کے لیئے بطور فورم کام کرنا؛

(ب ج) متبادل اور قابل تجدید توانائی کے منصوبہ جات کو عوام الناس کے مفاد کے لیئے نیز تکنیکی اور مالیاتی پہلوؤں سے ٹیکنالوجیز اور اختراعات کی جانچ کے لیئے آگاہی اور تحریک پیدا کرنا۔

(ب د) توانائی کی پیداوار اور دیگر اطلاق کے لیئے روایتی اور متبادل اور قابل تجدید توانائی کے ذرائع کے مواقع کی تلاش کے امکان پذیر مطالعہ اور سروے کا انعقاد کرنا؛

(ب ہ) متبادل اور قابل تجدید توانائی کے آلات کے استعمال اور تنصیب کے نفاذ کے لیئے قانونی تجاویز وضع کرنا؛

(ب و) متبادل اور قابل تجدید توانائی کے منصوبہ جات کو ازخود یا جوائنٹ وینچر یا سرکاری یا نجی ہیئتوں کی پارٹنرشپ سے متبادل اور قابل تجدید توانائی کے منصوبہ جات کو قائم کرنا تا کہ ضرورت سے آگاہی اور ترغیب پیدا کی جاسکے تا کہ عوام الناس کی بھلائی نیز افکار اور ٹیکنالوجیز کی ٹیکنیکل اور

مالیاتی پہلوؤں سے جانچ کرنا؛

(ب ز) متبادل یا قابل تجدید توانائی کے فروغ اور ترقی کے لیئے بین الاقوامی اور ملکی ایجنسیوں کے ساتھ ربط دہی کرنا؛

(ب ح) مطلوبہ اتھارٹیز اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ منصوبہ جات کے فروغ اور اطلاق میں معاونت کرنا اور آف گرڈ خصوصی علاقہ جات کی الیکٹریفیکیشن؛

(ب ط) توانائی کی پالیسیوں کی مطابقت میں بجلی کی توانائی کی تنصیبات اور انفرااسٹکچر کو فروغ دینا یا فروغ کا باعث بننا اور آزاد آکشن منتظم کے طور پر کام کرنا اور بجلی کی توانائی کی مارکیٹ میں ایسے دیگر کارہائے منصبی انجام دینا؛

(ب ی) متبادل یا قابل تجدید توانائی کے تجارتی اطلاق کے لیے رابطہ کار ایجنسی کے طور پر کام کرنا؛

**۵۔ ایکٹ ۶ بابت ۲۰۱۲ء میں دفعات ۵ الف اور ۵ ب کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۵ کے بعد، جیسا کہ مذکورہ بالا طور پر ترمیم کی گئی ہے، حسب ذیل نئی دفعات ۵ الف اور ۵ ب کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

**۵ الف۔ بورڈ کی تنظیم:۔** (۱) بورڈ، اپنے کارہائے منصبی کی انجام دہی کے لیے روایتی اور متبادل یا قابل تجدید توانائی کی ترسیل، تقسیم اور پیداوار اور اس کے متعلقہ انفرااسٹکچر کے فروغ اور ترقی کے لیے، متبادل اور قابل تجدید توانائی کی مصنوعات اور منصوبہ جات کی نگرانی، پروجیکٹ مینجمنٹ اور بائع کی، تنصیب کرنے والوں اور سروس فراہم کنندگان کی توثیق کے لیئے، ایک یا ایک سے زائد تنظیمات قائم کرنا، جیسا کہ وہ ضروری خیال کرے۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قائم کردہ کوئی تنظیم بورڈ کے کنٹرول اور نگرانی کے تابع ہوگی اور اس ایکٹ کے بنیادی ساخت کے اندر کام کرے گی، اور ایسے کارہائے منصبی انجام دے گی جیسا کہ ضوابط کی رو سے مقررہ ہو۔

**۵ب۔ انسٹیٹیوٹ برائے توانائی ٹیکنالوجیز:۔** (۱) بورڈ، متبادل یا قابل تجدید توانائی کے تجارتی اطلاق کے ان کارہائے منصبی کی انجام دہی کرنے کے لیے اور پیداوار، ترسیل اور تقسیم اور متعلقہ انفرااسٹکچر کے فروغ اور ترقی کے لیے، اعزازی انسانی وسائل کی ترقی کے لیے انسٹیٹیوٹ قائم کر سکے گا۔ انسٹیٹیوٹ معاشی اور پالیسی پر ماہرانہ رائے بھی فراہم کرے گا اور متبادل یا قابل تجدید معاشی تحقیق کرے گا۔

(۲) ذیلی دفعہ (۱) کے تحت قائم کردہ انسٹیٹیوٹ ایسے طریقہ کار میں اپنا کاروبار کرے گا جیسا کہ ضوابط کی رو سے مقرر ہو۔

(۳) انسٹیٹیوٹ کو پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کے تابع، ایسی فیسیوں اور چارجز کے ذریعے سے فنڈ دیا جاسکے گا جیسا کہ قواعد کی رو سے مقررہ ہو''۔

**۶۔ ایکٹ نمبر۴ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ۶ کی ترامیم:۔** (۱) مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۶ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں،۔۔

(اوّل) شق (الف) میں، عبارت ''وزیر برائے پانی و بجلی'' کو، عبارت ''انتظامی ڈویژن کے سیکرٹری'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛

(دوم) شق (ب) کو حذف کر دیا جائے گا۔

(سوم) شق (ج) کے بعد، حسب ذیل نئی شق (ج الف) کو شامل کر دیا جائے گا، یعنی:۔

(ج الف) ڈویژن کا سیکرٹری جس میں موسمیاتی تبدیلی کے اُمور کا تعین کیا گیا ہو یا اس کا نامزد کردہ شخص جو ایڈیشنل سیکرٹری یا مساوی رکن کے عہدے سے کم نہ ہو؛

(چہارم) شق (د) میں، عبارت ''؛وزارت پٹرولیم اور قدرتی وسائل''، کو عبارت ''ڈویژن کا جس میں پٹرولیم کے اُمور کا تعین کیا گیا ہو'' سے تبدیل کر دیا جائے گا؛ اور

(پنجم) شق (ی) میں، عبارتیں ''ہر''، ''اور فاٹا'' اور ''اور بالترتیب گورنر خیبر پختونخوا'' کو حذف کر دیا جائے گا۔

۷۔ **ایکٹ نمبر۴ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۷ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۷ کی، ذیلی دفعہ (۷) میں، شق (ج) میں، الفاظ ''وفاقی حکومت'' کو، لفظ ''بورڈ'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۸۔ **ایکٹ نمبر۴ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۱۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۱۴ کی، ذیلی دفعہ (۱) میں، شق (ہ) میں، آخر میں لفظ ''اور'' کو حذف کردیا جائے گا اور شق (و) میں، ختمہ، وقفہ کو تبدیل کردیا جائے گا اور اس کے بعد حسب ذیل نئی شقات کو شامل کردیا جائے گا، یعنی:۔

''(ز) اس ایکٹ کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے بشمول تنخواؤں کی ادائیگی، انفرا اسٹرکچر قائم کرنے اور بورڈ کے روزانہ کے امور چلانے کے لیے وفاقی حکومت کی جانب سے فراہم کردہ فنڈز؛

(ح) بورڈ کی جانب سے، بلاواسطہ یا ڈویژن کے ذریعے سے جس میں معاشی امور کے کاروبار کا تعین کیا گیا ہو بیع وشری یا پیدا کردہ یا علاوہ ازیں حاصل کردہ غیر ملکی امداد، گرانٹس، قرضہ جات؛

(ط) منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کی فروخت سے آمدن؛ اور

(ی) بورڈ کی جانب سے یا کسی بھی دیگر ذرائع سے جاری کردہ رواں بانڈز، حصص، دینیہ جات، تجارتی کاغذات یا دیگر تمسکات سے فنڈز''۔

۹۔ **ایکٹ نمبر (۴) بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۳ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۳ میں، لفظ ''بورڈ'' کو، الفاظ ''وفاقی حکومت'' سے تبدیل کردیا جائے گا۔

۱۰۔ **ایکٹ نمبر۴ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعہ ۲۴ کی ترمیم:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۴ میں، الفاظ ''مینجنگ ڈائریکٹر'' کو لفظ ''بورڈ'' سے تبدیل کردیا جائے گا اور عبارت ''بورڈ کی منظوری سے'' کو حذف کردیا جائے گا۔

۱۱۔ **ایکٹ نمبر۴ بابت ۲۰۱۲ء کی، دفعات ۳۰، ۳۱، ۳۲ اور ۳۳ کی شمولیت:۔** مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۲۹ کے بعد، حسب ذیل نئی دفعات کو شامل کردیا جائے گا، یعنی:۔

''۳۰۔ **متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کی تحلیل:۔** (۱) نجی توانائی وانفرا اسٹرکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ پر، متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء)

کی دفعہ ۳ کے تحت قائم کردہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ تحلیل شدہ سمجھا جائے گا اور ایسی تحلیل پر،۔۔

(الف) متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء) کی دفعہ ۱۳ کے تحت قائم کردہ متبادل توانائی فنڈ دفعہ ۱۴ کے تحت قائم کردہ نجی توانائی وانفرا اسٹکچر ڈویلپمنٹ بورڈ میں منتقل شدہ اور اس میں تفویض شدہ سمجھا جائے گا؛

(ب) تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کی اس کی تحلیل سے فوری قبل قائم ہونے والے تمام اثاثہ جات، حقوق، اختیارات، اتھارٹیز اور استحقاق اور تمام جائیداد، نقد اور بینک بیلنس، محفوظ فنڈز، سرمایہ کاری، ایسی جائیداد میں یا اس سے پیدا ہونے والے دیگر تمام مفادات اور حقوق اور کسی بھی قسم کے تمام قرضہ جات، واجبات اور ذمہ داریاں پی پی آئی بی (PPIB) میں منتقل شدہ اور اس میں تفویض شدہ سمجھی جائیں گی؛

(ج) اس دفعہ میں یا فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون یا کسی بھی اقرارنامے، وثیقہ، تحریر یا دیگر دستاویز میں شامل کسی امر کے باوصف، تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کے تمام افسران، کنسلٹنٹس، مشیران، آڈیٹرز اور دیگر ملازمین اور عملہ، نجی توانائی وانفرا اسٹکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ کے بعد پی پی آئی بی (PPIB) کے افسران، کنسلٹنٹس، مشیر، آڈیٹرز اور ملازمین اور عملہ ہوں گے اور منتقل شدہ سمجھے جائیں گے:

مگر شرط یہ ہے کہ۔۔۔

(الف) ایسی منتقلی پر تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کے تمام افسران، دیگر ملازمین اور عملہ کے مشاہرے ان کے نقصان میں تبدیل نہیں کیے جائیں گے جیسا کہ وہ تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء) کی مطابقت میں وصول کرنے کے مستحق تھے؛

(ب) اس طرح منتقل شدہ اشخاص کو پی پی آئی بی (PPIB) کی جانب سے تقرر کردہ یا مقرر کردہ سمجھا جائے گا ایسے درجات میں اور ایسی قیود وشرائط پر جیسا کہ بورڈ پی پی آئی بی (PPIB) کے متعلقہ عملے کے درجات، قابلیت اور تجربے کے ساتھ تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کے ملازمین کے متعلقہ درجات،

قابلیت اور تجربے کے مساوی ہونے کے حوالے سے تعین کرے:

(ج) اس طرح منتقل شدہ اشخاص صرف ایسے تسلسل یا منتقلی کی وجہ سے اضافی معاوضے کے مستحق نہیں ہوں گے؛ اور

(د) تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ پر تقرر کردہ یا اس میں کام کرنے والے کوئی بھی سول ملازمین پی پی آئی بی (PPIB) میں اپنی منتقلی پر سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء (۷۱ بابت ۱۹۷۳ء) اور اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی رو سے تابع رہیں گے؛

(د) نجی توانائی و انفرااسٹرکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ کے فوری بعد، بورڈ ایسے منتقل شدہ افسران، دیگر ملازمین اور عملے کے لیے رضا کارانہ علیحدگی اسکیم کے تحت رضا کارانہ علیحدگی الاؤنس کا اعلان کرے گا اور اسے مشتہر کرے گا جو ایسے اعلامیے کے بعد تین ماہ کی مدت کے اندر ایسے رضا کارانہ علیحدگی الاؤنس کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسے افسران، دیگر ملازمین اور عملے کا ایسا انتخاب استعمال کیے جانے اور ایسی رضا کارانہ علیحدگی الاؤنس کی ادائیگی کیے جانے کے بعد، ان کی ملازمت فوری طور پر ختم کر دی جائے گی۔ ایسے منتقل شدہ افسران، ملازمین اور عملہ تین ماہ کی ایسی زائد مدت کے بعد جو رضا کارانہ علیحدگی الاؤنس کا انتخاب نہیں کرتے تو ایسی منتقلی کی تاریخ سے بورڈ کی جانب سے تقرر کردہ اور مقرر کردہ سمجھے جائیں گے۔ پی پی آئی بی (PPIB) کی جانب سے ایسی رضا کارانہ علیحدگی اسکیم کی نسبت سے کی گئی تمام ادائیگیوں کو وفاقی حکومت کی جانب سے چھ ماہ کی مدت کے اندر بھرپائی کیا جائے گا۔

(ہ) تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کی جانب سے، اس کے ساتھ یا اس کے لیے تمام قرضہ جات اور عائد کردہ وجوب یا اس میں شریک معاہدات، جاری کردہ ضمانتیں، حاصل کردہ حقوق اور اس سے وابستہ کیے گئے تمام معاملات اور اُمور پی پی آئی بی (PPIB) کی جانب سے، کے ساتھ یا اس کے لیے عائد کردہ، شریک، حاصل کردہ یا اس سے وابستہ کیے گئے متصور ہوں گے؛

(ز) کسی بھی آئینی دستاویز، پالیسی یا دیگر تحریر یا دستاویز میں اس طرح تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ کا کوئی بھی ریفرنس، تاوقتیکہ سیاق وسباق میں بصورت دیگر درکار نہ ہو، پی پی آئی بی (PPIB) کے ریفرنس کے طور پر پڑھا اور سمجھا جائے گا۔

(۲) نجی توانائی وانفرااسٹکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء میں شامل برخلاف کسی امر کے باوصف، موجودہ پی پی آئی بی (PPIB) کے افسران، دیگر ملازمین اور عملہ کے قیود وشرائط ایسے منتقل شدہ افسران، ملازمین اور عملے کی تقرری اور نوکری کی وجہ سے ان کے نقصان سے تبدیل نہیں کیے جائیں گے۔

(۳) تمام قواعد، ضوابط، پالیسیاں، اعلانات، احکام، ٹیکس استثنیات جیسا کہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء) کی دفعہ ۲۴ کے تحت فراہم کیے گئے ہیں یا نجی توانائی وانفرااسٹکچر بورڈ (ترمیمی) ایکٹ، ۲۰۲۱ء کے آغاز نفاذ سے فوری قبل تحلیل شدہ متبادل توانائی ڈویلپمنٹ بورڈ سے متعلق نافذ العمل یا کسی بھی ذریعے سے یا اس سے متعلقہ یا اثر انداز ہونے والی ہدایات، جہاں تک وہ اس ایکٹ کے کسی بھی احکامات سے متناقص نہ ہوں، نافذ العمل رہیں گے جب تک کہ اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد یا ضوابط کی رو سے منسوخ، تبدیل یا فسخ نہ کردیا گیا ہو۔

۳۱۔ **ٹیکسز سے استثناء:۔** محصول آمدن آرڈیننس، ۲۰۰۱ء (۴۹ مجریہ ۲۰۰۱ء)، یا محصول آمدن سے متعلق فی الوقت نافذ العمل کسی بھی دیگر قانون میں شامل کسی امر کے باوصف، بورڈ اپنی آمدن، سرمایہ کاری، نفع سرمایہ، دولت، ہبہ جات یا منافع جات پر کوئی بھی مذکورہ محصول ادا کرنے کا مستوجب نہیں ہوگا۔

۳۲۔ **پالیسی ہدایات کا اجراء:۔** وفاقی حکومت جیسا اور جب یہ ضروری سمجھے بورڈ کے لیے اس کی سرگرمیوں کی بابت پالیسی ہدایات کا اجراء کرے گی جو اس ایکٹ سے متناقص نہ ہوں، اور بورڈ مذکورہ ہدایات کی تعمیل کا پابند ہوگا۔

۳۳۔ **تنسیخ:۔** متبادل فروغ توانائی بورڈ ایکٹ ۲۰۱۰ء (نمبر ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء) بذریعہ ہذا منسوخ کیا جاتا ہے۔

## بیان اغراض ووجوہ

۲۰۰۳ء میں متبادل فروغ توانائی بورڈ (AEDB) بنایا گیا تھااور اس کے بعد ۲۰۱۰ء میں متبادل فروغ توانائی بورڈ ایکٹ، ۲۰۱۰ء (ایکٹ ۱۴ بابت ۲۰۱۰ء) کی قانون سازی کے ذریعے اسے قانونی حیثیت دی گئی اور اسے ایک آئینی ہیئت بنایا گیا تا کہ ''متبادل یا قابل تجدید توانائی کو بسہولت کرنے کے لیے ٹیکنالوجی کی منتقلی کے ساتھ مستحکم معاشی نمو کو حاصل کیا جاسکے تا کہ گوناں گوں توانائی کی پیداوار کے ذریعے مقامی ٹیکنالوجیکل کی بنیاد کو فروغ دیا جاسکے''۔ حقیقتاً، توانائی کے پیداوار کے منصوبہ جات ۲۰۰۲ء کی پالیسی کے ذریعے اور قلیل، درمیانی اور طویل المدتی اہداف اس کے تحت تصور میں لائے گئے، متبادل اور قابل تجدید توانائی (ARE) پروجیکٹ کا فروغ (PPIB) کے مینڈیٹ کے اندر تھا۔

۲۔ انتظامی نقطہ نظر سے، (AEDB) کے اسی طرح کے کارہائے منصبی ہیں جیسا کہ (PPIB's) کی بنیادی طور پر ذمہ داری ہے، ماسوائے اس کے کہ اس کی وسعت (AR) کے منصوبہ جات کی ترقی تک محدود ہے، نتیجتاً، کاموں، ذرائع اور کاوشوں کی دہراون ہوئی۔ AEDB کا وجود، ایک علیحدہ سے انتظامی یونٹ کے طور پر ''ون ونڈو آپریشن'' ''اور کاروبار کرنے میں آسانی'' کی روح کے منافی ہے، جیسا کہ سرمایہ کاروں کو دو علیحدہ سے ہیئتوں کے ساتھ معاملت کرنی پڑتی ہے، جن کے پاس ایک ہی طرح مینڈیٹ ہے یہ زیادہ سے زیادہ پیداوار کے لیے ہمکاری پیدا کرنے کے تصور کے بھی خلاف ہے اور لاگت وذرائع کی مؤثریت کے تصور کو بھی نقصان پہنچاتا ہے۔ اب یہ ایک سنجیدہ خدشہ ہے کہ موجودہ اسٹرکچر اور ذرائع کے ساتھ، (AEDB) اس قابل نہیں ہوسکتی کہ وہ حکومت پاکستان کے تیز رفتار توقعات پر پورا اتر سکے۔ پاکستان میں (ARE) کی ترقی، جیسا کہ ARE پالیسی ۲۰۱۹ء میں بیان کیا گیا ہے پر تجدید توجہ کر سکے۔

۳۔ (AEDB) کا (PPIB) میں ادغام مسابقتی تجارتی دوطرفہ کنٹریکٹ مارکیٹ (CTBCM) کی مجموعی اسکیم کا حصہ بھی ہے۔ جو (DISCO's) کی جانب سے آکشنر رنیلامی کے انعقاد کے لیے آزاد آکشن منتظم (IAA) کے تصورات لاتا ہے تا کہ توانائی کی پیداوار کے نئی استعداد کو حاصل کر سکے۔ لہٰذا یہ لازم ہے کہ IAA کے کارہائے منصبی واحد ہیئت کی جانب سے انجام دیئے جاسکیں۔

۴۔ مذکورہ بالا وجوہات کی بناء پر، یہ محسوس کیا گیا کہ، (AEDB) کو (PPIB) میں ضم کیا جائے، جو کہ ۱۹۹۴ء سے موجود ہے، اور لہٰذا اس لیے ضروری ہے کہ توانائی کے شعبے کے تمام درجات میں مہارت اور قابلیت کو فروغ دے کہ وہ ون ونڈو سہولت کے طور پر کام کرے۔ (AEDB) کا (PPIB) میں ادغام نہ صرف ہموار اور بے رکاوٹ ترقی اور توانائی کے منصوبہ جات کی ترقی اور تمام ٹیکنالوجیز کے توانائی کے منصوبہ جات بشمول ARE کے، کی پروسیسنگ میں نہ صرف راہ ہموار کرے گا بلکہ یہ آپریشنل استعداد اور سرمایہ کاروں کے لیے حقیقی ون ونڈو کی تمام ٹیکنالوجیز تک توسیع کے ذریعے سہولیات کو بھی یقینی بنائے گا۔

۵۔ اس بل کو مذکورہ بالا مقاصد کے حصول کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

محمد عماد اظہر

وزیر انچارج